© rasailojaraid.com



نام کتاب: سرور دو عالم ﷺ

مصنف: فضل کریم خاں درانی

صفحات: ۱۳۶

قیمت: ۹۰/روپے

ملنے کا پتا: کتاب سرائے، فرسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار، لاہور

تبصرہ نگار: ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری

میاں فضل کریم خاں درانی ان قسمت افراد میں سے ہیں جو قادیانیت کے دام تزویر میں آنے کے بعد رحمت حق سے تائب ہو کر دوبارہ مسلمان ہو گئے۔ انہیں اپنے زمانے کے مشاہیر مسلم رہنماؤں کا اعتماد حاصل رہا۔ فضل کریم خاں درانی نے سیرت طیبہ کے موضوع پر انگریزی زبان میں متعدد کتب تحریر کیں، جو اہل علم اور قارئین کے وسیع حلقے میں مقبول ہوئیں۔ زیر نظر کتاب ان کی ایک انگریزی تالیف The last Prophet کا اردو ترجمہ ہے۔ کتاب روایتی انداز میں سیرت طیبہ کے مسلسل اور مرتب بیان پر مشتمل ہے، جس میں انداز بیان سادہ اور پر اثر رکھا گیا ہے، تاکہ طلبا اور کم پڑھے لکھے حضرات بھی مستفید ہو سکیں، کتاب کا ترجمہ سلیس ہے اور کتاب کے مطالعے سے یہ محسوس نہیں ہوتا کہ یہ کسی کتاب کا ترجمہ ہے یا علیحدہ سے طبع زاد کتاب۔

کتاب معیاری انداز میں درانی فاؤنڈیشن کے اشتراک سے طبع ہوئی ہے، بہتر ہوتا کہ یہ وضاحت کر دی جاتی کہ یہ ترجمہ خود مؤلف کا تحریر کردہ ہے یا کسی اور کا۔

---

نام کتاب: دشت امکان (سفرنامہ نجد و حجاز)

مصنف: ڈاکٹر نگار سجاد ظہیر

صفحات: ۲۷۸

قیمت: ۲۵۰/روپے

ملنے کا پتا: قرطاس، پوسٹ بکس نمبر ۸۴۵۳۔ کراچی یونیورسٹی کراچی۔

تبصرہ نگار: محمد احمد حافظ

ڈاکٹر نگار کراچی یونیورسٹی میں شعبہ تاریخ کی پروفیسر ہیں، ان کے قلم سے ادب و تاریخ سے

© rasailojaraid.com